سوال

وظائف

جواب

ادائیگی قرض کی دعاالسلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ اگر کوئی شخص مقروض ہو تو اس کو کونسا وظیفہ کرنا چاہیے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! سب سے پہلے اسے اللہ کے ساتھ اپنا تعلق مضبوط کرنا چاہئے، اور شریعت پر عمل کرنا چاہئے۔ نماز کی پابندی کرے، کیونکہ اللہ تعالی فرماتے ہیں۔ یاایھا الذین آمنوا استعینوا بالصبر والصلاة (البقرة :153) اے ایمان والو! صبر اور نماز کے ذریعے مدد حاصل کرو۔ اس کے ساتھ ساتھ اسے ان مسنون دعاوں کو کثرت سے پڑھنا چاہئے، جو نبی کریم نے ادائیگی قرض کے حوالے سے امت کو سکھلائی ہیں۔ ان میں سے ایک درج ذیل ہیں۔ 1۔ اللَّهُمَّ اكْفِنِي بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَأَغْنِنِي بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ (صحیح الترمذی :3563) اے اللہ! مجھے اپنے حلال کے ساتھ اپنے حرام سے کافی ہو جا اور مجھے اپنے فضل کے ساتھ اپنے علاوہ سب سے غنی کر دے۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی